Adopted unanimously
01/12/25 6:05 PM

(1)

**قرارداد**

Passed Notice No. 269

یہ ایوان اس حقیقت کی جانب توجہ مرکوز کرنے کا متقاضی ہے کہ تمباکو اس صوبے کی ایک نہایت اہم اور نقد آور فصل ہے، جس سے ہزاروں کاشتکاروں کا روزگار وابستہ ہے اور جس کے ذریعے صوبائی و وفاقی حکومتوں کو سالانہ اربوں روپے کی آمدن حاصل ہوتی ہے۔

ایوان اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کرتا ہے کہ رواں سال تمباکو کی خریداری کا کوٹہ 30 لاکھ کلوگرام سے کم کرکے 15 لاکھ کلوگرام کرنے کی تجویز زیرِ غور ہے۔ ایسی کسی بھی کمی سے کاشتکار طبقہ شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہوگا اور ریونیو میں نمایاں کمی واقع ہوگی۔

ایوان اس امر کی بھی نشاندہی کرتا ہے کہ تمباکو کے نرخ اور خریداری کوٹے کے تعین میں پاکستان ٹوبیکو کمپنی (PTC) مجاز ادارہ ہے، جو وفاقی قوانین و پالیسیوں کے تحت کام کرتی ہے۔ موجودہ غیر یقینی صورتحال کے باعث کاشتکار برادری میں شدید بے چینی اور اضطراب پایا جاتا ہے۔

لہٰذا یہ ایوان بالاتفاق صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کریں کہ وفاقی حکومت فوری طور پر تمباکو کا خریداری کوٹہ 30 لاکھ کلوگرام سے کم نہ کریں اور کاشتکاروں کے معاشی مفادات کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے۔

RESOLUTION
Session No. 9th
Notice No. 269
Received Time 12:50
Received Date 26/11/2025
From M/s
Receiver Sign

25th Nov 2025

amendment.